


## مقدسہ مریم خدا کی ماں

رنگ سفید

عدد 6:22-27 | زبور 66

غلاطیوں 4:4-7 | مقدس لوقا 2:16-21

**مرکزی آیت :۔ ’’چرواہوں نے مریم اَور یوسف کو اَور اُس ننھے بچے کو چرنی میں پڑا پایا‘‘ ۔لوقا 2 : 16**

چرواہے ان فرشتوں کی جو خداوند کے جلال سے ان پر ظاہر ہوئے۔ان کی فرمانبرداری کرتے ہوئے یسوع کو ملنے آتے ہیں۔اَور اس کے ساتھ مقدسہ مریم اِس کی ماں اَور یوسف کو بھی پاتے ہیں۔یسوع ’’عمانوئیل خدا ہمارے ساتھ‘‘ ہمیں سکھاتا ہے کہ کس طرح ہم اپنے الٰہی اَور انسانی رشتے نبھاتے ہیں۔مریم اَور حضرت یوسف کے ساتھ ہمیں اس خوبصورت اَور پاکیزہ رشتوں کا تجربہ کرنا سکھاتے ہیں۔اسی طرح اس نئے سال کا ہر دن بابرکت ٹھہرایا گیاہے۔

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................



## مقدس بیزل اعظم اَور مقدس گریگوری نازیازن

رنگ سفید

1۔یوحنا 2:22-28

زبور 98

### مقدس یوحنا 1:19-28

**مرکزی آیت:۔''میرے بعد آنے والا جس کی جُوتی کا تسمہ مَیں کھولنے کے لائق نہیں''۔یوحنا 1:27**

یوحنا بپتسمہ دینے والا یہودیوں کے بھیجے گئے وفد کے سوال کا جواب دے رہا ہے۔وہ تثنیہ شرع کے مطابق اِعلان کرتا ہے کہ اُمتِ خُداوندی جو ایک دُلہن کی مانند ہے۔اِس پر کسی قسم کا حق مت جتاؤ۔ یوحنا جو صرف ایک آواز ہے۔کہ خداوند کی راہ تیار کرو جو آتا ہے۔

اے یسوؔع! تُو مسیحا ہے دُلہا جو ہمیں شریعت کی غلامی سے رہائی دے کر خداوند کی محبت کی شناسائی عطا کرتا ہے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................



## یسوع مسیح کا پاک نام

رنگ سفید

1یوحنا 2:29-3:6

زبور 97

### مقدس یوحنا 1:29-34

**مرکزی آیت:۔ ''یہ وہی ہے جو رُوح القُدس سے اِصطباغ دیتا ہے''۔ یوحنا 1:33**

یوحنا بپتسمہ دینے والا باپ سے منور ہوکر اَور یسوع پر دریائے اُردن میں کبوتر کی شکل میں اُترتے روح القدس کو دیکھنے کے بعد وثوق سے کہتا ہے کہ یہ یسوع ہی ہے جو بپتسمہ دیتا ہے اَور ہمیں روح القدس میں غوطہ زن کرتا ہے۔ اَور یہ سب تک وقوع پزیر ہوتا ہے جب ہم اس کا کلام ا۔ور اِس کے بھائیوں کو قبول کرتے ہیں



**مُقدس الزبتھ این سٹائن** | **رنگ سفید**

**1یوحنا 3:7-10** | **زبور 97**

## مقدس یوحنا 1:35-42

**مرکزی آیت:۔ ''ربی تو کہاں رہتا ہے''۔ یوحنا 1:38**

اے خداوند تو کہاں رہتا ہے؟ یہ وہ سوال ہے۔ جو یوحنا بپتسمہ دینے والے کے دو شاگرد یسوع سے پوچھتے ہیں۔ وہ جواب دیتا ہے۔ ''آؤ اور دیکھ لو'' وہ کوئی جگہ نہیں دیکھ پائیں گے بلکہ وہ لوگ جو اِس کے نام میں اکٹھے مل کر رہتے ہیں یہ وہ جگہ ہے جہاں خداوند میں متی رہ کر جینے کا تجربہ کیا جاتا ہے۔ یہ وہ بھائی چارہ ہے۔ جہاں باپ کی محبت بھری موجودگی کا تجربہ کیا جاتا ہے۔



| عیدِ ظہور المسیح | رنگ سفید |
|---|---|
| اشعیاء 60:1-6 | زبور 71 |
| افسیوں 3:2-3,5-6 | مقدس متی 2:1-12 |

**مرکزی آیت:۔''یہودیوں کا بادشاہ کہاں پیدا ہوا ہے''۔متی 2:2**

یہ مجوسیوں کا سوال ہے۔مشرق کے حکمت والوں کا۔ان کے لئے یہ پیدائش لازمی تھی۔اُنہوں نے اِس کا ستارہ نمودار ہوتا دیکھا۔جس نے ان کی یروشلم تک رہنمائی کی۔ ہیرودیس تمام تر عوام کے ساتھ حیران پریشان ہوا۔

لیکن میکا نبی کی پیشن گوئی بے دینوں کی اِس دریافت کی گواہی دیتی ہے۔''اَور تو اَے بیت الحم'' (میکا 5:1) شکریہ اے یسوع تیرے اِس دُنیا میں ہونے کا۔ہم تُجھے سجدہ کرسکتے ہیں۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

1۔یوحنا 22-6,4:3 زبور 2

رنگ سفید

مقدس متی 25-23,17-12:4

**مرکزی آیت:۔" اَور یسوع تمام جلیل پھرتا رہا"۔متی 23:4**

یسوع یوحنا بپتسمہ دینے والے سے سیکھتے ہوئے اپنا مشن شروع کرتا ہے۔ وہ دہراتا ہے کہ توبہ کرو! کیونکہ خُدا کی بادشاہی نزدیک آ گئی ہے۔ وہ یہ سب کچھ بیمارں کو شفا دینے اَور بدروحوں سے آزاد کرنے کے نشانات اَور کرشمات دکھانے سے کرتا ہے۔ یہی خُدا کا بھیجا ہوا حقیقی اَور نیا بادشاہ ہے۔ پاک ماں کلیسیاء صدیوں سے یہ خُوشخبری دیتی رہی ہے ۔ اَور اِس خوشخبری کو جاری رکھے ہوئے ہے۔اَور زندہ یسوعؑ کی موجودگی کی گواہی دیتی آئی ہے۔

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................



## پینافورٹ کا مقدس رائمنڈ

رنگ سفید

1۔یوحنا 4:7-10

زبور 71

### مقدس مرقس 6:34-44

**مرکزی آیت:۔ ''تمہارے پاس کتنی روٹیاں ہیں''؟ مرقس 6:38**

رسولوں کو ایک مسلئہ درپیش ہے۔ پانچ ہزار لوگ جو یسوع کا کلام سن رہے تھے۔ اُنہیں کھانا درکار ہے۔ وہ یسوؔع کے پاس جاتے ہیں اُور اس مسلے کا حل بتاتے ہیں۔ لیکن یسوؔع جو ایک چرواہے کے دل کا مالک ہے اس کا ایک اُور حل نکالتا ہے۔ اُور وہ خود جو کچھ تھوڑا بہت ان کے پاس ہے، پیش کرتے ہیں۔ اُور باپ کی مُحبت سے بھرپور وہ سب کچھُ کثرت سے اُنہیں عنایت کرتا ہے۔

1۔یوحنا 18-11:4

زبور 71

رنگ سفید

## مقدس مرقس 52-45:6

### مرکزی آیت:۔’’خاطر جمع رکھو میَں ہی ہوں‘‘۔مرقس 50:6

ان کا خیال تھا کہ یہ آدمی جو رات کے وقت پانی پر چل رہا تھا وہ بھُوت ہے۔جبکہ اُن کی کشتی ہوا سے پانی کے اندر داخل ہو رہی تھی۔لیکن اب ایک آواز آتی ہے۔’’حوصلہ رکھو میَں ہوں‘‘۔

اے یسوعؔ تُو ہمیشہ میری مدد کرنا چاہتا ہے۔مجھے بچانا اَور میرا تحفظ کرنا چاہتا ہے۔تب بھی جب کہ حالات بڑے گھمبیر ہوں۔تُو مجھے پیار کرتا ہے۔

................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................
................................................................................

1۔یوحنا 19-5:4　　　　زبور 71

رنگ سفید

مقدس لوقا 22-14:4

## مرکزی آیت:۔”رُوحِ خداوند مُجھ پر ہے“۔لوقا 18:4

یسوع بیابان سے واپسی پر اپنا مشن شروع کرتا ہے۔ناصرت کی ہیکل میں جہاں متحدہ عبادت کے لئے لوگ اکٹھے ہوا کرتے تھے۔اسے کلام کرنے کی دعوت دی گئی جواُسے صلیب تک جانے کی طاقت دے گا۔صحائفِ انبیاء میں باپ کی مُحبت نے زندگی کی بھی پیشن گوئی کی ہے۔جو ہر بپتسمہ یافتہ شخص کا مشن ہے۔کہ خُداوند کے کلام کوسُنتا اَور اُس کے مشن کو جاری وساری رکھنا۔

..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................

1۔یوحنا 13-5:5 زبور 147

رنگ سفید

مقدس لوقا 16-12:5

**مرکزی آیت:۔"یسوع خدا کا بیٹا ہے"۔1۔یوحنا 5:5**

جو کوئی یسوع خدا کے بیٹے پر ایمان رکھتا ہے اور اسے اپنی ہستی میں پہلی جگہ دیتا ہے۔ وہ نئی زندگی بسر کرتا ہے۔ جو چاپلوسی دُنیاوی جھوٹ اور خود غرضیاں جو انسان کو دبائے رکھتی ہیں اِن برائیوں سے کنارہ کشی نہیں کرتے تو وہ اذیت میں رہیں گے۔

اَے رُوح پاک ہمیں ایمان میں مضبوط رہنے کی قوت عطا کر تا کہ کہ تیرے بیٹے یسوعؑ مسیح کے ساتھ ہمیشہ کی زندگی حاصل کر سکیں۔

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................



## مقدسہ مریم ہمیشہ کنواری کی عید

رنگ سفید

1۔یوحنا 21-14:5

زبور149

### مقدس یوحنا 30-22:3

**مرکزی آیت:۔''دُلہا کا دوست جب دُلہے کی آواز سُنتا ہے تو خُوش ہوتا ہے''۔یوحنا 29:3**

اِس آیت میں یوحنا بپتسمہ دینے والا یسوعؔ کی حقیقی شناخت کے اعتراف پر اپنی خُوشی کا اظہار کرتا ہے جس طرح دُولہے کا دوست جو پاس کھڑا ہوتا ہے جب وہ دُولہے کی آواز سُنتا ہے تو خُوش ہوتا ہے۔اسی طرح مقدس یوحنا بپتسمہ دینے والا اُسکی گواہی دیتا ہے کہ مَیں المسیح نہیں بلکہ میں اُس کے آگے بھیجا گیا ہوں۔تاکہ دوسروں کو اُس کے پاس لے آؤں۔یوحنا کی کامیابی اِسی میں تھی کہ وہ توبہ کی مُنادی کرے اَور دوسروں کو مسیح کی طرف لے جائے۔بجائے اس کے کہ وہ اُس سے مقابلہ کرے۔یوحنا خوش ہے کہ یسوعؔ اپنی دُلہن یعنی (کلیسیاء) کو اپنے ساتھ لے جانے کے لئے آتا ہے۔یوحنا کی خُوشی اِس وقت پوری ہو جاتی ہے جب وہ دُلہا کی آواز سُنتا ہے۔آئیں ہم بھی یسوعؔ کی آواز سے خُوش ہوں اَور اُس کی بادشاہی میں داخل ہونے کے لئے اپنے آپ کو تیار کریں۔



## یسوع کا بپتسمہ کی عید

**رنگ سفید**

اشعیاء 14:1-5,9-11 | زبور 103

طیطس 2:11-14,3:4-7 | مقدس لوقا 3:15-16,21-22

**مرکزی آیت:۔''یسوع بپتسمہ پا کر دُعا کر رہا تھا کہ آسمان کُھل گیا''۔لوقا 3:21**

یسوع بپتسمہ پانے کے لئے یوحنا بپتسمہ دینے والے کی طرف آتا ہے۔ یقیناً یسوع کو گناہوں سے پاک ہونے کی ضرورت نہیں تھی۔لیکن وہ گناہگاروں کی قطار میں کھڑے ہو کر اپنا حلیمی کا راستہ پکڑتا ہے جو کہ صلیب پر اپنی تکمیل کو پہنچے گا۔

اِس قدر حلیمی کے سامنے باپ خاموش نہیں رہ سکتا وہ اپنا پیارا بیٹا ظاہر کرتا ہے۔تو آسمان کُھل جاتا ہے۔ اَور رُوح القُدس کی مدد سے انسان خُداوند سے رابطہ رکھ سکتا ہے۔



## مقدس ہیلری

رنگ سبز

عبرانیوں 1:1-6

زبور 96

### مقدس مرقس 1:14-20

**مرکزی آیت:۔" خداوند کی بادشاہت قریب ہے"۔ مرقس 1:15**

یسوع انسانوں میں خداوند کی موجودگی کا اعلان کرنا کرتا ہے۔ وہ خود محبت کا ثبوت ہے۔ جو بچاتا اَور زندگی دیتا ہے۔ وہ مجھے بھی بُلاتا ہے۔ اَور تجھے بھی تاکہ ہم اس کے مشن میں اس کا ساتھ دیں۔

اے یسوع آپ کا ہمارے ساتھ تعاون کرنے کے تحفہ کا شکریہ۔

عبرانیوں 2:5-12 زبور 8

رنگ سبز

## مقدس مرقس 1:21-28

**مرکزی آیت:۔ ''شان وشوکت کا تاج اُس پر رکھا''۔عبرانیوں 2:7**

وہ انسان جو جلال اَور عزت واحترام سے تاجدار ہے۔ وہ مَیں ،تو اَور ہر انسان جو خداوند کی شکل وصورت پر خلق کیا گیا ہے۔اَور اس کے جلال کے لئے یسوع کے ساتھ مل کر جس نے موت پر فتح حاصل کی۔ ہم اس کی جلالی زندگی کی بھرپوری میں شامل ہو سکتے ہیں۔زندگی کے اِس سفر میں ہر اس انسان کی جسے خداوند پیار کرتا ہے۔اس کے وقار کی عزت واحترام کریں گے۔

عبرانیوں 2:14-18 زبور 104

رنگ سبز

## مقدس مرقس 1:29-39

### مرکزی آیت:۔"ابراہیم کی نسل کی دستگیری کرتا ہے"۔عبرانیوں2:16

یسوع اپنی اُمت کی فکر کرتا ہے۔یعنی وہ تمام انسان جو گناہ کی وجہ سے ستائے جاتے اَور موت سے خوف زدہ ہیں۔اَور حلیمی اَور بھروسے سے اس کی طرف رجوع کرتے ہیں۔جیسے وہ لوگ جن کا آج کی انجیلِ مقدس میں ذکر کیا گیا۔میں پختہ ارادے سے یسوع کی طرف آتا ہوں۔جو میری فکر کرتا اَور مجھے شفا بخشتا ہے۔مَیں بھی اُس کی اَور اپنے بھائیوں کی فکر کروں گا۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................



**رنگ سبز یا سفید**

## مقدس جوزف ورز


**زبور94**

**عبرانیوں 3:7-14**

### مقدس مرقس 1:40-45

**مرکزی آیت:۔"مَیں چاہتا ہوں کہ تُو پاک صاف ہو جا"۔مرقس 1:41**

اِس کوڑھی کو یقین تھا کہ اگر یسوؔع چاہے تو اُسے پاک صاف کر دے گا۔ جی ہاں یسوؔع چاہتا ہے۔ کیونکہ وہ ہمیں پیار کرتا ہے۔ وہ ہمیں گناہ سے پاک صاف کرنا چاہتا ہے کیونکہ اِسی لئے اُس نے اپنا خون بہایا۔ یسوع میری زندگی کے در پر آنا چاہتا ہے تاکہ مجھے معاف کرے، شفا دے اَور مجھے نیا بنا سکے ۔مَیں اُسے اپنی زندگی میں آنے کی دعوت دیتا ہوں۔



**مقدس انتھنی صدر اَور راہب** | **رنگ سفید**

**عبرانیوں 4:1-11,5** | **زبور 77**

## مقدس مرقس 2:1-12

**مرکزی آیت:۔"بیٹا تیرے گناہ معاف ہوئے"۔مرقس 2:5**

اَے یسوع تیرے سامنے ایک کوڑھی کو لاتے ہیں۔اَور تیرے دل میں اُسکے لئے ہمدردی پیدا ہوتی ہے۔تُو اُسے چلنے کی ہمت دے گا۔لیکن یہ ایک ثانوی چیز ہوگی دوسروں کے ایمان کے لئے ایک نشان ہوگا اَور اُس کے لئے تاکہ وہ درحقیقت میں ایمان کی زندگی سے لطف اندوز ہو سکے تُو اُس کے گناہ معاف کر دیتا ہے۔اَے یسوع تیرا شکریہ۔



**مقدسہ مارگریٹ آف ہنگری** | **رنگ سبز**

**عبرانیوں 4:12-16** | **زبور 18**

## مقدس مرقس 2:13-17

## مرکزی آیت:۔ ''میری پیروی کرو'' ۔مرقس 2:14

لاوی کی مانند دل کی پوری تیاری اَور فراخدلی سے تیری پیروی کرنے کو تیار ہونا ہم تمام مسیحیوں کے اتحاد کا واحد راستہ ہے۔ جو کہ ابھی تک اپنی معذوری اَور سب سے زیادہ اپنے گناہوں کی وجہ سے ایک دوسرے سے بٹے ہوئے ہیں۔ میں بھی تیری پیروی کرنا چاہتا ہوں۔ تیرا تابعدار رہنا چاہتا ہوں۔ تیرے کلمہ کو ایمان کی رُو سے اپنے دل میں اُتارنا چاہتا ہوں۔ باپ کا جلال اسی میں ہوگا۔

اشعیاء 62:1-5
زبور 95
رنگ سبز

1۔کرنتھیوں 12:4-11
مقدس یوحنا 2:1-12

**مرکزی آیت:۔"جو کچھ وہ تم سے کہے کرو"۔یوحنا 2:5**

مریم یسوع کی ماں اس کے ساتھ قانائے گلیل کی شادی میں موجود تھی۔وہ اِسے احساس دلاتی ہے کہ ان کے پاس مے کم پڑ گئی ہے۔یعنی کہ ان کی خُوشی ادھوری رہ گئی ہے۔یسوعؔ اُس کی سنتا ہے۔اَور نوکروں سے کام کرواتا ہے۔جنہیں مریم نے حلیمی اَور سادگی سے یسوع کے اشارے پر کام کرنے کو کہا۔کیا ہی خوبصورت ہو۔کہ یسوع اَور بھائیوں میں باہمی اتحاد راج کرے۔

ہم بھی کلیسیاء میں باہمی اتحاد سے رہ سکتے ہیں۔جب اُس خوشی کے معجزہ میں شریک ہوں۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................



**مقدس فبیین اَور مقدس سبسٹین ،شُہداء**

**رنگ سبز،سُرخ یا سفید**

**عبرانیوں 5:1-10**

**زبور109**

## مقدس مرقس 2:18-22

**مرکزی آیت:۔''تو میرا بیٹا ہے آج ہی تو مُجھ سے پیدا ہوا ہے''۔عبرانیوں 5:5**

باپ کے لئے ہر بپتسمہ یافتہ ایک بیٹا ہے۔خود سے ہی نہیں بلکہ جب وہ اُس کے بیٹے یسوع کی زندگی جیتا ہے۔جو کہ صرف محبت اُور تابعداری کی زندگی ہے۔

اے روح القدس آ۔تا کہ فطری طور پر بغیر کسی خوف سے ہم تُجھے دل میں لئے ساری کلیسیاء کے ساتھ ایک ہو سکیں۔



رنگ سُرخ

## مقدسہ ایگنس کنواری شہیدہ

عبرانیوں 6:10-20

زبور 110

مقدس مرقس 2:23-28

**مرکزی آیت:۔''ملکی صادق کے رتبہ کا کاہن اعظم بن کر ہمارے لئے پیشرو بن کر داخل ہوا ہے''۔عبرانیوں 6:20**

یسوؔع اپنی زندگی باپ کو نذر کرنے سے کاہنِ اعظم بن گیا ہے۔ جو کہ لگا تار باپ سے ہمارے لئے دُعا کرتا ہے۔ یاد رکھیں کہ ہر بپتسمہ یافتہ یسوؔع کے بدن کے اِعضا ہیں۔ وہ ایک کاہن ہے: اپنے آپ کو بھائیوں کے لئے پیش کرنے کے لئے مخصوص کیا گیا ہے۔ اِن دنوں میں پوری کلیسیا دوسرے مذاہب کے ساتھ متحد اپنے لئے دُعا کرتی ہوتا کہ سب یسوؔع پر ایمان لا سکیں۔

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................


................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................



## سارا غوشہ کا مقدس ونسنٹ

رنگ سبز

عبرانیوں 1:3,15-17

زبور 109

### مقدس مرقس 3:1-6

**مرکزی آیت:۔ ''اُٹھ اُور ہمارے درمیان میں آ''۔ مرقس 3:3**

اُور یہ سبت کا دن تھا جو خدا کی طرف سے آرام کا دن تھا جب یسوع نے ایک ہاتھ والے مفلوج کو درمیان میں بلایا۔ یسوعؔ یہ بتاتا ہے کہ سبت کا دن خُدا کی طرف سے جو دُکھ جھیلتے ہیں اُن لئے ایک مُحبت کا تحفہ ہے۔ وہ اُسکی روشنی کو اپنے دِلوں میں سمجھتے نہیں مگر یہ روشنی ہمیں یسوع پر اعتماد اور مختلف طریقوں کے ذریعے اپنے بھائیوں کے درمیان تعلق پیدا کرنا ہے۔

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................

......................................................................................



**مقدس فرانسکو دی سالس بشپ و ڈاکٹر** | **رنگ سبز**

**عبرانیوں 6:8,25:7** | **زبور39**

**مقدس مرقس 12-7:3**

**مرکزی آیت:۔"اَور وہ اُنہیں بہت دھمکاتا تھا کہ مجھے مشہور نہ کرنا"۔مرقس12:3**

بدروحیں جانتی تھیں کہ بھائیوں کا یسوع کون ہے۔لیکن وہ ان کے ذریعے ظاہر ہونا نہیں چاہتا تھا۔ صرف وہ جو اسے پیار کرتا،صرف وہ جو اُس کی محبت کی خاطر اَور خود کا خیال کرتا ہے۔وہی حقیقی اَور بھروسے کے قابل گواہی دے سکتا ہے۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................


..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................




سیلز کا فرانسیس ۔ بشپ اَور کلیسیاء کا معلم | رنگ سبز، سفید

عبرانیوں 13-6:8 | زبور 84

مقدس مرقس 19-13:3

**مرکزی آیت:۔ ''یسوع پہاڑ پر چڑھ گیا''۔ مرقس 13:3**

یسوع نے ساری رات دعا میں گذاری، اس طرح اُس نے شاگردوں کو بلایا اَور اُن میں سے بارہ کو چُنا کہ اس کے ساتھ رہیں اَور اس کی بادشاہی میں اس کے کام میں مددگار رہوں۔

ہم دُعا کو وقت دے کر باپ کی سننے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ ہم خُدا کی بادشاہی کو پُوری دُنیا میں کیسے پھیلائیں اَور اِس کے لئے دُعا بہترین ذریعہ ہےَ۔

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................



## مقدس پولوس رسول کی تبدیلی کی عید

رنگ سفید

اعمال 22:3-16 یا اعمال 9:1-22

زبور 117

مقدس مرقس 16:15-18

**مرکزی آیت:۔"مَیں یسوعؔ ناصری ہوں"۔اعمال 22:8**

آج کلیسیاء ہمیں دعوت دیتی ہے کہ ہم مقدس پولوس کو عزت دیں اَور اُس کی گواہی کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔وہ زندہ خداوند یسوع مسیح کو دمشق کی راہ پر ملا یہاں تک کہ اُس نے اُسے ستایا۔مگر پھر بھی یسوعؔ اُسے پیار کرتا ہے۔ہم خُدا سے مقدس پولوس کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اُس نے اُسی لمحے اپنی پوری زندگی خداوند یسوع مسیح کو دے دی۔اَور آپ کی نئی زندگی ہمارے لئے ایک نمونہ ہے۔



**مقدس تیمتاؤس اَور مقدس طیطس یومِ یادگار** | **رنگ سبز**

نحمیاہ 10-8,6-2:8 زبور 18

1۔قرنتیوں 30-12:12 مقدس لوقا 21-14:4,4-1:1

**مرکزی آیت:۔"خُدا کا رُوح مجھ پر ہے"۔لوقا 18:14**

یسوع روح القُدس سے معمُور ہو کر اشعیاء کے الفاظ کو سمجھا جو خداوند یسوع مسیح کے لئے لکھے گئے ہیں۔ وہ اپنے مشن کو عبادت گاہ میں موجود ہجوم پر ظاہر کرتا ہے کہ اُس کا مقصد لوگوں کو نجات دینا ہے۔

اَے یسوع تیرا شکریہ! میں تجھے اپنے خداوند کی طرح قبول کرتا ہوں۔ میں تجھے پیار کرنے کا خواہش مند ہوں اَور ہر روز تیرے کلام کو سُن کر تیری پیروی کرنا چاہتا ہوں۔



**مقدسہ انجلا میر یچی** | **رنگ سبز یا سفید**

عبرانیوں 9:15،24-27 | زبور 97

**مقدس مرقس 3:22-30**

**مرکزی آیت:۔ ''اِسی سبب سے وہ نئے عہد کا درمیانی ہے''۔ عبرانیوں 9:15**

اسرائیل ایک چھوٹی سی قوم تھی جسے خدا نے منتخب کیا ہے اَور خدا نے بار بار اُن کے ساتھ عہد کیا مگر ہر بار وفادار رہنے سے انکاری کی۔ یہاں ہمیں ایک نیا عہد ملتا ہے کہ خداوند نے سب کچھ ہمارے واسطے کیا۔ ہمیں خداوند کے خون پر ایمان رکھنا چاہیے جو کہ ہر منفی اثرات کو توڑتا ہے اَور ہمیں پوری زندگی خدا کے ساتھ وفادار رہنے کی تلقین کرتا ہے۔



مقدس ٹامس اکوئنس معلمِ اعظم

رنگ سبز یا سفید

عبرانیوں 10:1-10

زبور 39

مقدس مرقس 3:31-35

**مرکزی آیت:۔ ''دیکھو میَں خدا کی مرضی پوری کرنے آیا ہوں''۔ عبرانیوں 10:9**

زبور نویس کے یہ وہ الفاظ ہیں جو خداوند یسوع مسیح اپنے باپ سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں، کہ یقیناً وہ اپنی جان کا نذرانہ دے کر اُن تمام نوشتوں کو پورا کرے گا۔ اپنے خون سے ہمارے گناہوں کو صاف کر دے گا۔ ہیکل میں جو بیلوں اَور بکریوں کی قربانی کا خون ہمارے لئے ایک نشان تھا جو یسوع بعد میں دے گا۔

شکریہ اے! یسوع تیرے موت کے بھید کے لئے جس کے ذریعے ہم معافی حاصل کرتے ہیں اور خدا باپ کے ساتھ رفاقت کرتے ہیں۔

..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................
..............................................................................

عبرانیوں 10:11-18 زبور 109

رنگ سبز

## مقدس مرقس 4:1-20

**مرکزی آیت:۔"جو راہ کے کنارے ہیں یہ وہ ہیں جب اُنہوں نے سنا تو شیطان فوراً آ کر اُس کلام کو اُٹھا لے جاتا ہے"۔مرقس 4:15**

خداوند یسوعؔ مسیح آج بونے والے کی تمثیل کے ذریعے ہمیں دعوت دیتا ہے کہ ہم خدا کے کلام کو غور سے سنیں۔ یہ ایک قیمتی بیج ہے۔ہمیں ثابت قدمی کے ساتھ اِس کی حفاظت کرنی چاہیے تا کہ شیطان جو ہمارا دشمن ہے اِس کلام کو ہمارے ذہنوں اَور دلوں سے چرا نہ لے جائے۔

مقدسہ مریم ہماری مدد کرتا کہ ہم آج کے کلام پر دھیان و گیان کر سکیں اَور یسوع کی تابعداری کرتے ہوئے اچھے پھل پیدا کریں۔

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

عبرانیوں10:19-25 | زبور23

رنگ سبز

## مقدس مرقس 4:21-25

**مرکزی آیت:۔ ’’جس کے پاس ہے اُسے دیا جائیگا‘‘۔مرقس4:25**

جب میں یسوع کے کلام کو سُنتا ہوں تو میں آزاد، خوش اَور سکون میں ہوتا ہوں۔اِس کی موجودگی مجھے مزید روشنی اَور محبت دینے کے قابل بناتی ہے۔کیونکہ یسوع مسیح کے الفاظ ہماری زندگیوں کیلئے روشنی اَور چراغ کی مانند ہیں۔جن پر عمل کرنے سے ہم خدا میں متحد ہو سکتے ہیں۔

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................


..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................



## مقدس جان باسکو

رنگ سفید

عبرانیوں 10:32-39

زبور 36

### مقدس مرقس 4:26-34

**مرکزی آیت:۔ ’’پس اپنا پختہ اعتبار ہاتھ سے نہ جانے دو‘‘۔عبرانیوں 10:35**

جو لوگ بھی جھوٹ کا سامنا کرتے ہیں جو دُنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے اَور ہمیشہ اذیت میں رکھتا ہے۔ یقیناً ایک مسیحی کے لئے یہ سمجھنا ضرور ہے کہ ہمارا ایمان کیا ہے۔ خدا باپ ہم سے محبت کے ذریعے ہمیشہ پیار کا رشتہ قائم رکھنا چاہتا ہے اَور ہمارا انتظار کرتا ہے۔ ہم اِس کا اقرار صاف گوئی، پُرسکون زندگی، دیانت داری اَور مضبوط رویے سے کرتے ہیں۔ سینٹ جان باسکو جو نوجوانوں کا اچھا دوست ہے ہماری مدد کرتا ہے۔ کہ ہم ہر مشکل و پریشانی میں بھی خُدا کے ساتھ وفادار رہیں۔